DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 26-10-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔سیلاب سے بلوچستان سندھ شدید متاثر دُنیا موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ملکوں کی مدد کرے،وزیر اعظم | مشرق ودیگر اخبارات |
| 2۔پشین میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ پولیس اہلکار جاں بحق،وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔دہشتگردی کے واقعات نا قابل برداشت ہیں،ضیاء لانگو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 4۔پولیو ٹیم پر حملے میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے،نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔ملیریا کے تدارک کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے،ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔صوبے میں اقلیتی برادری کو یکساں حقوق حاصل ہیں،سکندر عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔قلعہ عبداللہ کو ترقی یافتہ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اُٹھائے جائیں گے،زمرک اچکزئی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 8۔ناقص کارکردگی کے مرتکب افسران کا محاسبہ کرینگے،خان طوراوتمانخیل | 92ودیگر اخبارات |
| 9۔سرکاری افسران عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اُٹھائیں،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔بلوچستان اسمبلی تیسرا اجلاس بھی کورم پورا نہ ہونے پر ملتوی ایجنڈے کی کاروائی مکمل نہ ہوسکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔بلوچستان 32اضلاع میں یونینز میونسپل کارپوریشن اور کمیٹیوں کی مخصوص نشتوں پر بلدیاتی انتخابات دسمبر میں ہونگے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات حب اور لسبیلہ میں پولنگ 11دسمبر جبکہ 32اضلاع کی مخصوص نشستوں پر 14 کو ہوگی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 13۔بلوچستان کے سیلاب متاثرین میں 5ارب 40 کروڑ روپے تقسیم کردیئے،ڈی جی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ریکوڈک صدارتی ریفرنس میں کینیڈین کمپنی بلوچستان حکومت کو نوٹس صوبے کو معاہدے سے کیا شیئر ملے گا؟،سپریم کورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا،سردار اختر مینگل | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16۔بلوچستان تقسیم کرنے کی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے،بی این پی | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان

مستونگ چھاپے کے دوران فائرنگ لیویز رسالدار شہید ایک ڈاکو ہلاک،سوراب سے ڈاکو گرفتار مسروقہ موٹر سائیکل برآمد،پشین دہشتگردوں کی فائرنگ پولیو ورکرز کی سیکورٹی پر تعینات ہیڈ کانسٹیبل شہید،لیویز فورس سوراب نے ڈاکو گرفتار،پولیس تھانہ کچلاک نے اشتہاری ومفرور ملزمان اور منشیات فروش گرفتار کر لئے۔

## عوامی مسائل

شہر کیلئے آنے والے 20واٹر فلٹریشن پلانٹ غائب،مسلم باغ پل بیٹھ جانے سے گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں،ضلع کچھی میں امداد سیاسی بنیادوں پر تقسیم متاثرین مسیحا کے منتظر۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26-10-2022

**ادا ریہ**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان معاشی سر گرمیوں کے مزید فروغ کی ضرورت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ایک خبر کے مطابق ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے صوبے میں معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن اقدامات کے عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات اُٹھارہی ہے حکومت چاہتی ہے کہ صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو صوبے میں کاروباری سرگرمیوں فروغ حاصل ہو رہا ہے حکومت تاجر برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔ وہ گزشتہ روز یہاں کوئٹہ میں چیمبر آف سمال اینڈ انڈسٹریز اور رومانیا البانیا کے چیمبر آف کامرس کے مابین بزنس سپورٹ اینڈ پروموٹ ایم او یو سائن کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں بلوچستان کے تاجروں وصنعتکاروں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ ترجمان حکومت بلوچستان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت بزنس کمیونٹی کو کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے انٹرنیشنل بزنس کمیونٹی کو بلوچستان لانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ پرامن بلوچستان میں کاروبار کو فروغ دیا جائے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی پوری دُنیا میں کاروبار سے منسلک ہے سی پیک کے تحت چھ ہزار تین سو اٹھتر میگاواٹ کی مجموعی صلاحیت کے گیارہ پاور پراجیکٹس فعال ہو چکے ہیں صرف توانائی کے شعبے ہی میں نہیں ہر شعبے میں خاطر خواہ کام ہو رہا ہے ان جاری منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ایک نئی معاشی ومعاشرتی کروٹ لے گا صوبے کی معیشت مستحکم اور عام آدمی خوشحالی ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ ایک تو سی پیک کے تحت جاری منصوبوں پر کام ست روی نہ ہونے دیا جائے جاری منصوبوں کی جلد تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور ساتھ ہی ایسے اقدامات اُٹھائے جائیں جن کی بدولت پسماندگی، غربت اور دیگر مسائل سے دوچار صوبے کی معیشت ومعاشرت کو مستحکم کیا جاسکے۔

**ادریہ**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Need of tangible steps**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**اپوزیشن بظاہر حکومت کے خلاف مگر اسمبلی میں فرینڈلی کردار** " کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 26 OCT 2022 Page No. 1


# سیلاب سے بلوچستان، سندھ شدید متاثر، دنیا موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ملکوں کی مدد کرے: وزیر اعظم

## آلودگی کے خاتمے کیلئے ماحول دوست توانائی کے ذرائع اپنانا ہوں گے، 10 ہزار میگا واٹ شمسی بجلی پیدا کرنے کیلئے پرامید ہیں

## معیشت کی بہتری کیلئے ای کامرس کا فروغ لازم، خواتین کو بھی مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنا ہوگا، فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹو سمٹ میں خطاب

## شہباز شریف کی سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

ریاض (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے سیلاب سے بلوچستان، سندھ شدید متاثر ہیں، موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ملکوں کی عالمی سطح پر مدد کرنا ہوگی، شمسی توانائی سے 10 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کیلئے پرامید ہیں، فضائی آلودگی کے ........

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 9 پر

خاتمے کیلئے ماحول دوست توانائی ذرائع اپنانا ہوں گے، سیلاب زدگان کی مدد کیلئے برادر ملکوں کی امداد پر شکر گزار ہیں، تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹو سمٹ میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا فورم بڑی اہمیت کا حامل ہے، سعودی قیادت کا ویژن قابل تحسین ہے، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان ملک کے مستقبل کیلئے متحرک ہیں، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان ملک کے مستقبل کیلئے متحرک ہیں، بہتر مستقبل کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، سماجی و معاشی ترقی کیلئے خواتین کا بااختیار ہونا بہت ضروری ہے، شہباز شریف نے کہا عالمی معیشت کو درپیش چیلنجز اور حل سے متعلق لائحہ عمل ضروری ہے، عام آدمی کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کرنا ہوں گے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے معیار زندگی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے، معیشت کی بہتری کیلئے خواتین کو بھی مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنا ہوگا، معیشت کی بہتری کیلئے ای کامرس کا فروغ لازم ہے، پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، نوجوان نسل کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان کو سیلاب کا سامنا کرنا پڑا، سیلاب سے 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے، موسمیاتی تبدیلی بڑا چیلنج ہے، سیلاب کی وجہ سے سندھ اور بلوچستان کے علاقے شدید متاثر ہوئے، سیلاب سے 1700 سے زائد لوگ جاں بحق ہوئے، بہتر مستقبل کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، بجلی پیدا کرنے کیلئے دنیا سے مہنگی نرخوں پر ایندھن خریدنا پڑتا ہے تاہم پاکستان میں توانائی شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں جس سے سعودی عرب، اقوام عالم کو فائدہ اٹھانا چاہیے، تبدیلی کی راہیں کبھی بھی ایسی نہیں تھیں جیسی آج ہیں جہاں ٹیکنالوجی کی طاقت دنیا کو مستقبل کی طرف لے جا رہی ہے جس کا ماضی میں صرف چند لوگ ہی تصور کر سکتے تھے، ٹیکنالوجی عظیم قوت ہے جو سماجی، ثقافتی و مالی رکاوٹیں ختم کر سکتی ہے اور ان لوگوں کو بااختیار بنا سکتی ہے جو فائدہ اٹھانے کیلئے تیار ہیں، فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹو کو تیزی سے بڑھتی ہوئی مارکیٹوں کو تلاش کرنے کیلئے پاکستان کی معروف یونیورسٹی میں سیٹلائٹ سینٹر کے قیام پر غور کرنا چاہیے، دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات کی، ملاقات ریاض میں ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 OCT 2022 Page No. 2

# پشین میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ، پولیس اہلکار جاں بحق

## ملزمان کو گرفتار کیا جائے، عبدالقدوس بزنجو

### واقعہ کلی ترانہ میں پیش آیا، شہید اہلکار سرکاری اعزاز کیساتھ سپرد خاک، وزیراعلیٰ اور مشیر داخلہ نے رپورٹ طلب کرلی

### دہشتگردوں اور انکی سوچ کا مقابلہ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ سندھ کی مذمت، ملزمان کیخلاف جلد ایکشن لیا جائیگا، ضیاء لانگو

پشین (نامہ نگار+خ ن) پشین کے علاقے کلی ترہ اوہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کلی ترانہ میں انسداد پولیو مہم کے دوسرے دن نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ٹیم کی حفاظت پر مامور ہیڈ کانسٹیبل محمد ہاشم موقع پر جاں بحق ہوگیا تاہم فائرنگ سے ٹیم کے رضا کار محفوظ رہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر پشین ڈاکٹر یاسر خان بازئی، ایس پی پشین عبدالحلیم اچکزئی، ایس ایچ او صدر تھانہ حاجی حزب اللہ ترین، ایس ایچ او سٹی تھانہ روزی خان لمو پولیس، لیویز اور ایف سی حکام کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور شہید اہلکار کی لاش طبی کارروائی کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین پہنچا دی گئی۔ اس دوران علاقے کی ناکہ بندی کرتے ہوئے کلی ترانہ اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔ شہید پولیس اہلکار کی نماز جنازہ پولیس لائن پشین میں ادا کی گئی جس میں ڈپٹی کمشنر پشین ڈاکٹر یاسر خان بازئی، ایس پی پشین عبدالحلیم اچکزئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز حفیظ اللہ سوری، پولیس افسران، اہلکاروں سرکاری افسران سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بعد بڑی تعداد میں شرکت کی، بعدازاں شہید کو مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ آبائی علاقے کلی خنکی برشور میں سپرد خاک کردیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے پشین میں پولیو ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی میں پولیس اہلکار کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ واقعہ میں ملوث عناصر کو ہرصورت قانون کی گرفت میں لایا جائے، وزیراعلیٰ نے محکمہ داخلہ اور آئی جی پولیس کو پولیو رضا کاروں کی فول پروف سیکورٹی کو ہر قیمت یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سماج دشمن عناصر کے مذموم مقاصد کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور اپنے بچوں کے صحت مند مستقبل کا تحفظ کرینگے۔ وزیراعلیٰ نے شہید پولیس اہلکار کے خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے پشین میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ ہمارے مستقبل کے معمار کے دشمن ہیں، دہشت گرد چاہتے ہیں ہماری نئی نسلیں معذور ہوں، ہمیں ایسے لوگوں اور انکی سوچ کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ علاوہ ازیں مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پشین اور مستونگ میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس ولیویز کے کانسٹیبل کی شہادت کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی۔ مشیر داخلہ نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیم تشکیل دینے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے واقعات ناقابل برداشت ہیں، آئندہ جس علاقے میں اس طرح کے واقعات ہوں گے ان علاقوں کے افسران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایات دی کہ 24 گھنٹے میں دونوں واقعات کے ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، تاکہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جا سکے۔ مشیر داخلہ نے ہدایت کی کہ سپروائزری افسران شہید اہلکار کی فیملی سے قریبی رابطہ رکھیں اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔

Balochistan Express Quetta

# CM Bizenjo condemns policeman killing

**By Our Reporter**

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo has condemned the shooting incident on the policeman posted on polio team duty in Pishin and has expressed his heartfelt grief and sorrow over the martyrdom of the policeman in the cowardly act of terrorism and has sought a report on the incident.

He has directed that the elements involved in the incident should be brought under the grip of the law.

Chief Minister has also directed the Home Department and the IG Police to ensure the foolproof security of the polio volunteers at all costs.

Chief Minister expressed his condolences and sympathy to the family of the martyred policeman and prayed to Allah to raise the ranks of the martyr and to grant patience to the family members.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 1

Dated: 26 OCT 2022 Page No. 4


صحت و تعلیم اہم شعبے

# ناقص کارکردگی کے مرتکب افسران کا محاسبہ کرینگے

خان طور اوتمانخیل

ضلع تعلیمی افسران اسکول سربراہان اور ملازمین کی سخت مانیٹرنگ کریں، لورالائی میں تعلیمی ترقی کیلئے 4 اسمارٹ اسکول قائم کیے جائیں، وزیر صنعت وحرفت

## حکومت تعلیم کے شعبے کی ترقی کیلئے کوشاں، اساتذہ اپنی ذمے داریاں ایمانداری سے انجام دیں، ضلع تعلیمی جائزہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لورالائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی شعبہ میں انقلابی اقدامات کررہی ہے تاکہ صوبے کو تعلیمی لحاظ سے ترقی دی جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ضلع تعلیمی جائزہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد قاسم کاکڑ، تحصیلدار شیر شاہ غلوئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید ساجد شاہ، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر جمال الدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل بہادر شاہ ناصر، بی ار ایس پی کے سی پی او اور محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا ضلع بھر کے سکولوں میں جاری ترقیاتی کاموں، نتائج، اساتذہ اور طلباوطالبات کی حاضری اور دیگر امور پر شرکا کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں ایجوکیشن سیکٹر میں ہونے والی تبدیلیوں ترقیاتی کاموں اور دیگر مسائل پر تفصیلی اظہار خیال کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان اوتمانخیل نے کہا کہ ایجوکیشن اور ہیلتھ ہمارے اہم ترین اور بیسک یونٹس ہیں ان دونوں سیکٹرز میں کوئی محکمانہ غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے افسران کو سختی سے ہدایات دی کہ اسکولوں کو ہر حال میں فعال رکھا جائے۔ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے ان کو نوٹسز بھجوائے جائیں اگر وہ پھر بھی اپنی ڈیوٹیوں پر حاضر نہیں ہوتے تو ان کے خلاف بیڈا ایکٹ کے تحت محکمانہ کارروائی کرکے سروس سے برخاست کیا جائے۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے افسران کو تاکید کہ لورالائی شہر میں تعلیمی ترقی کیلئے 4 عدد اسمارٹ اسکول قائم کئے جائیں تاکہ بچوں کو بہترین تعلیم کی سہولتیں ان کے گھر وں کی دہلیز پر میسر آسکیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تعلیم کی بہتری کے لئے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز اپنے فرائض ذمے داری سے سرانجام دیں۔ ضلع تعلیمی افسران ضلع بھر کے افسران اسکول سربراہان اور ملازمین کی سخت مانیٹرنگ کریں۔ فرائض میں کوتاہی اور ناقص کارکردگی کے مرتکب افسران اور ملازمین کا محاسبہ کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 OCT 2022 Page No. 5

## سرکاری افسران عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات اٹھائیں، چیف سیکرٹری

**سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کے فوری حل پر خصوصی توجہ دی جائے، سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت منگل کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عوام کو بہترین سروس ڈیلیوری کی فراہمی، کابینہ کے فیصلوں پر عملدرآمد، دفتروں میں وقت کی پابندی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، چیئرمین سی ایم آئی ٹی عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ دوستین خان جمالدینی سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سرکاری آفیسران عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات اٹھائیں اور یہی اہم موقع ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے دن رات کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیکرٹریز اپنے دفتروں میں وقت کی پابندی کو یقینی بنائے تاکہ ان کے ماتحت عملہ بھی وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہدایت کی کہ کابینہ اجلاسوں کی فیصلوں پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## صوبائی کابینہ اجلاس کے فیصلوں پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری

**تمام سرکاری آفیسران عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات اٹھائیں اور یہی اہم موقع ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے دن رات کام کریں**

**تمام سیکرٹریز اپنے دفتروں میں وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ ان کے ماتحت عملہ بھی وقت کی پابندی کا خیال رکھیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت منگل کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عوام کو بہترین سروس ڈیلیوری کی فراہمی، کابینہ کے فیصلوں پر عملدرآمد، دفتروں میں وقت کی پابندی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، چیئرمین سی ایم آئی ٹی عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ دوستین خان جمالدینی.......

بقیہ نمبر 1 صفحہ 10 پر

سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سرکاری آفیسران عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات اٹھائیں اور یہی اہم موقع ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے دن رات کام کریں۔

انہوں نے کہا کہ تمام سیکرٹریز اپنے دفتروں میں وقت کی پابندی کو یقینی بنائے تاکہ ان کے ماتحت عملہ بھی وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیا جائے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہدایت کی کہ کابینہ اجلاسوں کی فیصلوں پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## چیف سیکرٹری کی کابینہ اجلاسوں کے فیصلوں پر فوری عملدرآمد کی ہدایت

**تمام سرکاری آفیسران عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات اٹھائیں**

**پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے، سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت منگل کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عوام کو بہترین سروس ڈیلیوری کی

بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

فراہمی، کابینہ کے فیصلوں پر عملدرآمد، دفتروں میں وقت کی پابندی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، چیئرمین [illegible] عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ دوستین خا[illegible] تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری [illegible] کرتے ہوئے کہا کہ تمام سرکاری آفیسران عوام کی فلاح [illegible] کے لیے اقدامات اٹھائیں اور یہی اہم موقع ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے دن رات کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیکرٹریز اپنے دفتروں میں وقت کی پابندی کو یقینی بنائے تاکہ ان کے ماتحت عملہ بھی وقت کی پابندی کا خیال رکھیں

## بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات

# حب اور لسبیلہ میں پولنگ 11 دسمبر جبکہ 32 اضلاع کی مخصوص نشستوں پر 14 کو ہوگی

حب اورلسبیلہ کے معطل شدہ انتخابی شیڈول کا بھی اعلان کردیا گیا، کاغزات نامزدگی 4 نومبر سے وصول کیئے جائیں گے، پولنگ 11 دسمبر کو ہوگی

**32 اضلاع کی یونین، میونسپل کونسل اور میونسپل کارپوریشن مخصوص نشستوں پر کاغذات نامزدگی 9 نومبر تک وصول کیئے جائیں گے**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان کے 32 اضلاع کی تمام یونین کونسلوں، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹیوں (ماسوائے ضلع کوئٹہ، لسبیلہ، حب اور میونسپل کمیٹی حرمزئی ضلع پشین) کی مخصوص نشستوں (خواتین، مزدور، کسان اور غیر مسلم) کے انتخابات کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے شیڈول کے مطابق امیدواروں سے کاغذات نامزدگی 7 سے 9 نومبر 2022 تک وصول کیے جائیں گے اور امیدواروں کی ابتدائی فہرست 10 نومبر کو جاری ہو گی شیڈول کے مطابق امیدواروں کے کاغذات نامزدگی بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر

کی جانچ پڑتال 11 سے 14 نومبر تک کی جائے گی ریٹرننگ آفسران کی جانب سے کاغذات نامزدگی کے منظور یا مسترد کیے جانے کے خلاف اپیلیں 15 سے 17 نومبر تک داخل کی جاسکیں گی۔ جن پر اپیلیٹ اتھارٹی فیصلے 22 نومبر تک کریں گی جس کے بعد امیدواروں کو انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ اور امیدواروں کی حتمی فہرست 25 نومبر کو جاری کی جائے گی شیڈول کے مطابق مذکورہ بالا مخصوص نشستوں پر پولنگ 14 دسمبر 2022 کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان کے دو اضلاع لسبیلہ اور حب کے معطل شدہ انتخابی شیڈول کی بقیہ ماندہ انتخابی سرگرمیوں کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے شیڈول کے مطابق امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال یکم سے 4 نومبر تک کی جائے گی 4 نومبر۔ ریٹرننگ آفسران کی جانب سے کاغذات نامزدگی کے منظور یا مسترد کیے جانے کے خلاف اپیلیں 7 سے 9 نومبر تک داخل کی جاسکیں گی۔ جن پر اپیلیٹ اتھارٹی فیصلے 12 نومبر تک کریں گی۔ جس کے بعد امیدواروں کو انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ اور امیدواروں کی حتمی فہرست 16 نومبر کو جاری کی جائے گی۔ شیڈول کے مطابق پولنگ 11 دسمبر 2022 کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان کے ضلع پشین کی میونسپل کمیٹی حرمزئی کے پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔ شیڈول کے مطابق امیدواروں سے کاغذات نامزدگی 2 سے 4 نومبر 2022 تک وصول کیے جائیں گے۔

# ریکوڈک معاہدے پر صدارتی ریفرنس سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے

ریفرنس کی سماعت چیف جسٹس کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے کی پاکستان بار کونسل کو بھی معاونت کیلئے نوٹس جاری

**غیر ملکی کمپنی سرمایہ کاری سے قبل ٹھوس یقین دہانی چاہتی ہے عدالت نے اجازت نہیں دی تو پاکستان کو 9 ارب ڈالر بطور ہرجانہ ادا کرنے پڑے گا، ایڈیشنل اٹارنی جنرل**

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے ریکوڈک صدارتی ریفرنس میں کینیڈا کی مائننگ فرم بیرک گولڈ کمپنی کو نوٹس جاری کر دیا۔ ریکوڈک معاہدے سے متعلق صدارتی ریفرنس پر سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت عظمیٰ نے بلوچستان حکومت، او جی ڈی سی ایل، پاکستان پیٹرولیم کمپنی اور گورنمنٹ ہولڈنگ کمپنی کو بھی نوٹس جاری کردیے جبکہ پاکستان بار کونسل کو بھی معاونت کے لیے نوٹس جاری کر دیا گیا۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے عدالت کو بتایا کہ ریکوڈک بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

کیس میں اب تک کے معاہدوں اور معاملات کی تفصیلات پیش کروں گا، حکومت بلوچستان نے 1993 میں جائنٹ وینچر معاہدہ کیا، سال 2000 میں ٹیتھیان کاپر کمپنی نے 240 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی، سونے کی کان کے معاہدے کے خلاف 2006 میں بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست آئی جو خارج ہوئی، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مزید بتایا کہ سپریم کورٹ نے 2013 میں جائنٹ وینچر کو غیر قانونی قرار دیا، ٹیتھیان کاپر کمپنی نے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں عالمی عدالتوں سے رجوع کیا لیکن عالمی عدالتوں نے پاکستان پر جرمانہ عائد کیا جو 9 ارب ڈالر سے زیادہ کا ہے، ریکوڈک کے مجوزہ معاہدے کے تحت حکومت پاکستان کو 25 فیصد اور بیرک گولڈ کمپنی کو 50 فیصد شیئر ملے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے استفسار کیا کہ حکومت بلوچستان کو ریکوڈک معاہدے سے کیا شیئر ملے گا؟ بیرک گولڈ کمپنی کو 50 فیصد شیئر کیوں مل رہا ہے؟ ریکوڈک اصل میں ملکیت کس کی ہے؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ حکومت بلوچستان کو 25 فیصد شیئر مل رہا ہے جبکہ ان کی ادائیگی وفاقی حکومت کر رہی ہے، ریکوڈک معاہدے سے 104 ارب ڈالر کا منافع آئے گا جبکہ وفاق اور حکومت بلوچستان کو ریکوڈک معاہدے سے 62 فیصد منافع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیتھیان کاپر کمپنی کوئی بڑی سرمایہ کاری کے لیے ٹھوس یقین دہانی چاہیے، اگر عدالت اجازت نہیں دیتی تو پاکستان کو 9 ارب ڈالر ادا کرنا ہوں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 26 OCT 2022 Page No. 8


# سول سنڈیمن ہسپتال کے ماسٹر پلان پر عملدرآمد کیلئے پنجاب سے مدد لینے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کا چوہدری پرویز الٰہی کے نام مراسلہ، حکومت پنجاب کے ادارے انفرا اسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے کام شروع کرنے کی استدعا

صوبائی کابینہ نے ماسٹر پلان کی منظوری دیدی، صوبے کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے پیش رفت جاری ہے، ایم ایس

کوئٹہ (آن لائن) صحت عامہ کے منصوبوں پر کام کرنیوالے حکومت پنجاب کے ادارے انفرا اسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے پروانشل سنڈیمن اسپتال کوئٹہ کے ماسٹر پلان پر عملدرآمد کے لئے رضامندی کا اظہار کر دیا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا وزیراعلیٰ پنجاب کو مراسلہ، منصوبے پر فوری کام شروع کرنے کی استدعا، محکمہ صحت بلوچستان کے ذرائع نے بتایا کہ سرکاری شعبے میں کام کرنے والے بلوچستان کی سب سے بڑے ہسپتال پروانشل سنڈیمن کے ماسٹر پلان پر عملدرآمد کے لئے پنجاب میں صحت کے انفرا اسٹرکچر پر کام کرنے والے ادارے آئی ڈی اے پی کی خدمات حاصل کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا گیا ہے اور اس ضمن میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے نام مراسلہ میں اس اہم منصوبے پر کام شروع کرنے کی استدعا کی ہے دوسری جانب بلوچستان کابینہ نے بھی سنڈیمن پروانشل اسپتال کے ماسٹر پلان کی منظوری دیدی ہے اس سلسلے میں سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کوئٹہ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے بتایا کہ آئی ڈی اے پی کو بہترین سہولیات پر مشتمل ہسپتال بنانے میں بے مثال مہارت حاصل ہے اس لئے سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کے ماسٹر پلان کے تحت سرجیکل اور میڈیکل ٹاورز انفرا اسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب سے بنوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے آئی ڈی اے پی پنجاب کابینہ سے منظوری حاصل کرکے منصوبے پر کام شروع کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہائیکورٹ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، وزیر صحت سید احسان شاہ کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے تاریخ ساز پیش رفت جاری ہے ماسٹر پلان کے تحت اسپتال کے بنیادی مربوط بنیادی ڈھانچے کی تشکیل، مسائل کی نشاندہی، نقل و حرکت اور صحت کی دیکھ بھال کی مطلوبہ سہولتوں کی فراہمی کو بہتر بنانے سے سنڈیمن پروانشل اسپتال پاکستان کے ایک معیاری سرکاری ادارے کی حیثیت اختیار کرلے گا

# بلوچستان کے سیلاب متاثرین میں 5 ارب 40 کروڑ روپے تقسیم کر دیئے

ڈی جی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام

رقم 19 اگست 2022 سے اب تک دی گئی ہے مجموعی طور پر 16 ارب روپے تقسیم کئے جانے ہیں، عبدالجبار

ہرنائی کے زلزلہ زدگان میں 47 کروڑ روپے تقسیم کئے گئے، شفافیت کو برقرار رکھا جا رہا ہے، خصوصی بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان ریجن عبدالجبار نے کہا ہے کہ بی آئی ایس پی کے توسط سے بلوچستان میں غریب لوگوں کی مدد کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اس وقت سیلاب سے متاثرہ 2 لاکھ 41 ہزار لوگوں میں سے 2 لاکھ 12 ہزار لوگوں میں 5 ارب 40 کروڑ روپے تقسیم کئے گئے ہیں یہ رقم بلوچستان کے 28 اضلاع کی یونین کونسل کے متاثرین کو دیئے گئے ہیں یہ رقم 19 اگست 2022 سے اب تک دی گئی ہے اس حوالے سے 16 ارب روپے تقسیم کئے جانے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے خصوصی بات چیت کرتے کیا ڈائریکٹر جنرل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان ریجن عبدالجبار نے مزید کہا کہ بی آئی ایس پی کے 4 پروگرام بلوچستان میں چل رہے ہیں جن میں احساس پروگرام کے علاوہ، ایجوکیشن کے بھی 2 پروگرام جس میں پہلی سے لیکر پانچویں اور پانچویں سے آٹھویں اور نویں دسویں سمیت یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلباء و طالبات جن کے والدین کی آمدن 40 ہزار روپے سے کم ہے انہیں اسکالر شپ مہیا کر رہے ہیں ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں زلزلہ زدگان میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے توسط سے 47 کروڑ روپے تقسیم کئے گئے صوبے میں لوگوں کو مالی فوائد مہیا کرنے کے لئے ہم شفافیت کے لئے بھرپور کوشش کرتے ہیں کیونکہ تمام سسٹم بائیو میٹرک اور آن لائن نادرا کے ساتھ منسلک ہے ہم نے بلوچستان کے لئے 9 لائیو موبائل انٹرنیٹ اور جدید سہولیات سے آراستہ وین کا مطالبہ کیا تھا جس پر وفاقی وزیر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام شازیہ مری نے ہمیں 4 جدید سہولیات سے آراستہ سیلا ئٹ وین دینے کا وعدہ کیا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 26 OCT 2022 Page No. 10


## بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، سردار اختر مینگل

بی این پی نے ہمیشہ بنیادی حقوق، ساحل و وسائل، واک و اختیار تسلیم کرنے اور صوبے میں ناانصافیوں کے خلاف موثر انداز میں آواز بلند کی

پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد اپنے علاقوں میں پارٹی کو فعال اور متحرک بنانے کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے اپنے ایک بیان میں گزشتہ دنوں پنجپائی کے علاقے سرلٹھ سے قبائلی عمائدین سردارزادہ محمد عالم پرکانی، میر حاتم پرکانی، کلی رودینی پنجپائی سے سماجی و قبائلی رہنما ملک عبدالسلام ........ بقیہ نمبر 25 صفحہ 9 پر

رودینی، لالا عبدالرشید رودینی اور کوئٹہ سے ڈاکٹر محمد مراد آبئی اور شاہ محمد آبئی کو اپنی برادری دوست و اقارب سمیت بلوچستان نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنے علاقوں میں پارٹی کو فعال اور متحرک بنانے کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے سیاسی، قبائلی عمائدین کی پارٹی میں شمولیت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں سے لوگ جس انداز میں پارٹی کے بیانیہ، موقف اور سیاست سے متاثر ہو کر شامل ہو رہے ہیں یہ انکی سیاسی شعوری سوچ کی عکاسی کرتا ہے چونکہ بی این پی نے ہمیشہ بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات کے اصولی بات اور موقف اختیار کرتے ہوئے ہر سطح پر بلوچستان کے لوگوں کے بنیادی حقوق، ساحل و وسائل، واک و اختیار تسلیم کرنے اور صوبے میں رونما ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف موثر انداز میں آواز بلند کی ہے بلوچستان کے عوام کے بھروسہ کو کبھی بھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے اور بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات ہمارے لئے انتہائی مقدم اور عزیز ہیں جس پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

## پولیو ورکرز کی سیکورٹی میں اضافہ کر کے انکی حفاظت یقینی بنائی جائے، پشتونخوا میپ

پشین میں پولیو ورکرز کے ساتھ ڈیوٹی پر مامور پولیس سپاہی محمد ہاشم پر قاتلانہ حملہ اور اس کی المناک شہادت قابل مذمت ہے

لیویز کے تمام سپاہیوں کی ہر قسم کی اضافی ڈیوٹیوں کو ختم کرتے ہوئے انہیں شہر کے باہر چوکیوں پر تعینات کیا جائے، صوبائی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں پشین شہر کے علاقے ترانہ میں پولیو ورکرز کے ساتھ ڈیوٹی پر مامور پولیس سپاہی محمد ہاشم پر قاتلانہ حملہ اور اس کے المناک شہادت کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے دہشتگردی پر مبنی عوام دشمن کارروائی قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے اس قسم کے واقعات کا مقصد عوام پر خوف وہراس، دہشت وبربریت کے ماحول کو مسلط کرنے اور........ بقیہ نمبر 43 صفحہ 10 پر

لاقانونیت بدامنی کے ذریعے انارکی پیدا کر کے دہشت گردی پر مبنی واقعات کو فروغ دینا ہے جو قابل مذمت اور قابل گرفت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی ذمہ داری ہے کہ ایسے عوام دشمن واقعات میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری اور قرار واقعی سزا دلانے کیلئے فوری اقدامات کریں اور پولیو ورکرز کے ساتھ سیکورٹی میں فوری اضافہ کرتے ہوئے اس کی حفاظت کو ہر حالت میں یقینی بنائیں اور ساتھ ہی لیویز کے تمام سپاہیوں کی ہر قسم کی اضافی ڈیوٹیوں کو ختم کرتے ہوئے انہیں شہر کے باہر چوکیوں پر تعینات کریں کیونکہ اب بھی لیویز کے سپاہیوں کی بڑی تعداد سیکورٹی کے انتظامات کی ڈیوٹی دینے کی بجائے مختلف افراد اور مختلف دفاتر میں برائے نام ڈیوٹیاں دے رہے ہیں

## بلوچستان کو تقسیم کرنیکی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے، بی این پی

لاپتہ افراد کی بازیابی، بلوچوں کو اقلیت میں بدلنے کا منصوبہ ناکام بنانے کیلئے بی این پی کی جدوجہد سے انکار ممکن نہیں، غلام نبی مری

یہ سرزمین ہمیں کسی نے خیرات یا تحفے میں نہیں دی ہے بلکہ ہمارے اکابرین کی طویل ترین جدوجہد، قربانیوں کے باعث ملی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام پنجپائی کے علاقے کلی عبدالغنی رودینی میں شمولیتی جلسہ منعقد ہوا اس موقع پر علاقے کے سماجی و قبائلی شخصیات ملک عبدالسلام رودینی اور لالا عبدالرشید رودینی نے اپنے دوست واقارب اور خاندان سمیت باقاعدہ بی این پی میں شمولیت کا اعلان کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام........ بقیہ نمبر 24 صفحہ 10 پر

نبی مری، ضلعی سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد پرکانی، بی ایس او کے سابق مرکزی چیئرمین امان اللہ بلوچ ملک عبدالسلام رودینی اور لالا عبدالرشید رودینی نے کہا کہ بی این پی وہ واحد سیاسی قوم وطن دوست جماعت ہے جس نے ہمیشہ بلوچ قوم اور بلوچستانی عوام کی اجتماعی قومی مفادات کے تحفظ اور حفاظت کیلئے آواز بلند کرتے ہوئے یہاں کے لوگوں کے اعتماد اور بھروسے کو ٹھیس نہیں پہنچایا یہاں کے لوگوں کے ساتھ ہمارے ووٹ کا نہیں بلکہ ایک نظریاتی اور فکری رشتہ ہے اور وہ رشتہ سرزمین ہے جو کہ ہمارے آباؤ اجداد نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر استحصالی ظلم و آمر قوتوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ہمارے حوالے کی ہے یہ سرزمین ہمیں کسی نے خیرات یا تحفے میں نہیں دی ہے بلکہ ہمارے اکابرین کی طویل ترین جدوجہد قربانیوں کے باعث ملی ہے بلوچستان زمین کا کوئی ایک ٹکڑا نہیں ہے جسے کوئی تقسیم کرنے کی بات کرے اس سرزمین کی خاطر مرمٹنے کو بھی اپنے لئے ایک اعزاز سمجھتے ہیں سرزمین سے قوم کی شناخت، وجود، بقاء، زبان، تہذیب و تمدن وابستہ ہے ہم کسی سے نفرت تعصب اس بنیاد پر نہیں کرتے ہیں کہ انکی زبان تہذیب اور مذہب ہمارے جیسا نہیں بلکہ ان قوتوں سے مقابلہ کرتے ہیں جو اس سرزمین کیلئے انکے توسیع پسندانہ استحصالی اور لوٹ کھسوٹ پر مبنی پالیسیاں ہیں اور وہ ہمارے قومی وجود اور شناخت کو مٹانے کے درپے ہیں چاہے انکی زبان، رنگ و نسل بلوچ سے ملتا کیوں نہ ہو۔ مقررین نے کہا کہ آج بلوچستان کے عوام ان نام نہاد سیاسی رہنماؤں اور پارٹیوں کو بخوبی جانتے ہیں جنہوں نے صرف اور صرف ذاتی مفادات کے حصول کیلئے جہاں کے لوگوں کے ووٹوں کو اقتدار کی سیڑھی بنا کر اپنے خاندانوں اور گروہی مفادات کی تکمیل کیلئے استعمال کیا جبکہ اسکے برعکس بی این پی نے ہمیشہ بھاری مینڈیٹ حاصل کرنے کے باوجود بھی اقتدار کو اپنی ترجیحات میں نہیں رکھا بلکہ بلوچستان کے عوام کے لاپتہ افراد کی بازیابی، بلوچوں کو اقلیت میں بدلنے کے منصوبوں کو ناکام بنانے، لاکھوں کی تعداد میں افغان مہاجرین کی غیر قانونی آبادکاری، گوادر میں بلوچوں کو اقلیت میں بدلنے اور ڈیموگرافک چینج کو روکنے کیلئے قانون سازی اور بلوچستان کے ساحل و وسائل پر واک و اختیار کی جدوجہد کو تقویت دی ہے یہی وجہ ہے کہ آج قومی اسمبلی میں تمام پارٹیوں کے نمائندگی ہونے کے باوجود صرف اور صرف سردار اختر مینگل وہ واحد سیاسی رہنما ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated 26 OCT 2022 Page No. 11

## پی ڈی ایم اے کا نام متاثرین کی مشکلات بڑھ گئیں صادق عمرانی

متاثرین بے یار و مدد گار، منتخب عوامی نمائندے کوئٹہ میں بیٹھ کر اپنی پارٹی کے لوگوں کو نواز رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان سے ملاقات کر کے انہیں صورتحال سے آگاہ کر دیا، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے سیلاب متاثرین آج بھی کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار حکومتی امداد کے منتظر ہیں علاقے میں وبائی امراض پھوٹنے کی وجہ سے لوگوں کی مشکلات بڑھ چکی ہیں فوری طور پر علاقے میں میڈیکل کیمپ لگا کر لوگوں کو طبی سہولیات اور کھانے پینے کے سامان کی فراہمی ممکن بنائی جائے منتخب عوامی نمائندے کوئٹہ میں بیٹھ کر اپنی پارٹی کے لوگوں کو نواز رہے ہیں جبکہ اصل حق دار متاثرین امداد سے محروم ہیں ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کے لاکھوں لوگ آج بھی سیلاب کی وجہ سے حکومتی امداد سے محروم ہیں حکومت متاثرین کی دادرسی میں مکمل طور پر ناکام ہے اور انہیں سہولیات فراہم نہیں کر پا رہی پی ڈی ایم اے کی جانب سے دی جانے والی کھانے پینے کی اشیا اور دیگر سامان متاثرین کو ملنے کی بجائے بازاروں میں فروخت ہو رہا ہے لوگوں کے مال مویشی فصلیں اور کھانے پینے کا سامان بھی باقی نہیں بچا میں نے خود چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ملاقات کر کے اس صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ یونین کونسل فتح جنگ، خان گڑھ، جوڈھیر، صوبہ خان، بوٹ پلیانی، کوٹ شیر خان، علی بابا، علی آباد، یوسی طاہر کوٹ سمیت متعلقہ علاقوں کے متاثرین تک انتظامیہ نہیں پہنچ سکی متاثرین کی مشکلات میں ہر آنے والا دن مزید مصیبت اور مشکلات لے کر آ رہا ہے

INTEKHAB QUETTA

## نیشنل پارٹی اور بی ایس او پجار کی تربت میں احتجاجی ریلی

موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں سے 4 سال کا حساب مانگنے میدان میں آئے ہیں، حکمرانوں نے کرپشن کی انتہا کر دی، مشکور انور ایڈووکیٹ

خزانے کو شیر مادر سمجھ کر لوٹا گیا عوام ان کا احتساب کر کے رہیں گے، واجہ ابوالحسن، نثار بزنجو، بوہیر صالح ایڈووکیٹ و دیگر کا خطاب

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کیچ اور بی ایس او پجار کے زیر اہتمام تربت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی اور شہید فدا چوک پر مظاہرہ کیا گیا، نیشنل پارٹی کیچ اور بی ایس او پجار کے زیر اہتمام بدھ کو تربت پریس کلب سے ایک بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں ہزاروں کی تعداد میں پارٹی کارکنوں نے شرکت کی، ریلی کی قیادت نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر مشکور انور ایڈووکیٹ، مرکزی رہنما واجہ ابوالحسن، نثار احمد بزنجو، بی ایس او پجار کے مرکزی وائس چیئرمین بوہیر صالح ایڈووکیٹ و دیگر کر رہے تھے، ریلی کے شرکاء نے تربت شہر کے اندر مختلف شاہراہوں

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

کا گشت کیا، ریلی کے شرکاء شدید نعرہ بازی کر رہے تھے، نیشنل پارٹی کی جانب سے صوبائی حکومت کی نااہلی، بدعنوانی، ضلعی انتظامیہ کیچ کی کرپشن، تربت یونیورسٹی پر سیاسی مافیا کی قبضہ گیری، بارڈر کے مسائل پر ڈپٹی کمشنر کیچ کے غیر قانونی اقدامات اور ٹوکن و بھتہ خوری، منشیات فروشی سمیت دیگر اہم مطالبات کے لیے احتجاج کا اعلان کیا گیا تھا، ریلی کے شرکاء نے شہید فدا چوک پر پہنچ کر جلسہ کیا جہاں خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر مشکور انور ایڈووکیٹ اور مرکزی رہنما واجہ ابوالحسن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں سے 4 سالوں کا حساب مانگنے کے لیے عوام کی طاقت کے ساتھ میدان میں آئی ہے، حکمرانوں نے کرپشن کی انتہا کر کے سرکاری خزانے کو شیر مادر سمجھ کر لوٹا مگر اب عوام ان کا احتساب کر کے رہیں گے ڈاکٹر مالک نے ڈھائی سال میں ڈیڑھ ارب سے تربت کا نقشہ تبدیل کیا مگر 4 سالوں کے دوران اربوں روپے کہاں خرچ ہوئے ہمیں دکھائے جائیں ورنہ عوام کی دولت پر لوٹ مار نہیں کرنے دیں گے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت میں شامل وزراء نے کرپشن کے ساتھ ساتھ سرکاری زمینوں پر قبضہ گیری کے ذریعے بے تحاشا دولت کمائی اب ان کے حساب دینے کا وقت آ گیا ہے، احتجاجی جلسہ سے نیشنل پارٹی کے بی ایس او پجار کے مرکزی وائس چیئرمین بوہیر صالح، نثار احمد بزنجو، شیخ شیر قاضی، معتبر شیر جان، مقبول احمد، ناصر رند اور بی ایس او پجار کے رہنما باہوٹ چنگیز نے بھی خطاب کیا، انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے تربت جیسے علاقے کو جہاں عصر کو مارکیٹ بند ہوتے اور ہفتوں تک ہڑتال رہتی، ہر روز لاشیں ملتی اور دھماکے ہوتے مکمل پر امن کیا، یہ کریڈٹ نیشنل پارٹی کے قائد ڈاکٹر مالک اور ان کی ٹیم کو جاتی ہے، ایک وژن اور مشن کے ساتھ کام کر کے ہم نے کامیابی حاصل کی، نیشنل پارٹی اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے مفادات کی نگہبانی کے لیے ہمیشہ کھڑی رہے گی، گوادر کی اراضی اور قبرستانوں پر قبضہ مافیا سرگرم ہے لیکن نیشنل پارٹی ان کے سامنے رکاوٹ بنے گی، انہوں نے کہا کہ ضلع کیچ میں کرپٹ نااہل نمائندہ مسلط کر دیا گیا ہے، بارڈر پر کرپشن اور بھتہ خوری کی شکایات عام ہیں، گاڑی والے پریشان ہیں ان کے نام دو دو مہینے لسٹ میں نہیں آتے، تمام ادارے یرغمال اور مفلوج بنا دیے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ نکات کے نام پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کرنے والوں کی حکومت میں آج بھی لاشیں مل رہی ہیں اور سی ٹی ڈی فیک انکاؤنٹر میں بلوچ فرزندوں کو مار رہی ہے وہ خاموش ہیں، انہوں نے کہا کہ تربت یونیورسٹی میں پرو وائس چانسلر مسلط ہے جن کی بدعنوانی سے یونیورسٹی کا پورا انتظام جام ہے، وی سی برائے نام ہے ان کے اختیارات ایک جونیئر استعمال کر رہے ہیں جو یونیورسٹی میں سیاسی بنیاد پر تقرری کے سبب کرپشن اور بدانتظامی میں ملوث ہیں، یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور پرو وائس چانسلر نے اس اہم ادارے کو یونیورسٹی تباہ کر دیا ہے یونیورسٹی ایکٹ نظر انداز کیا جا رہا ہے اور تقرریوں میں میرٹ کا گلا گھونٹ کر پسند و ناپسند دیکھا جاتا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 26 OCT 2022 Page No. 13


# کسان اتحاد کا 4 نومبر کو وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنے کا اعلان

حالیہ بارشوں سے سیلاب کے باعث سندھ اور بلوچستان کی 70 فیصد زمینداری فصلیں اور باغات تباہ ہو چکے ہیں، خالد حسین باٹھ

زمینداروں کو بجلی کے واجبات کیلئے چھ ماہ کا وقت دیا گیا لیکن کیسکو کی جانب سے زمینداروں کے ٹیوب ویلوں کی بجلی کاٹ دی گئی ہے

وفاق نے بھی ہمارے ساتھ ہونیوالے معاہدے پر عملدرآمد نہیں کیا جسکے خلاف 5 نومبر اسلام آباد میں ڈی چوک پر دھرنا دینگے

کوئٹہ (آن لائن) کسان اتحاد کے مرکزی صدر خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ حکومت سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کو ریلیف پیکج کا اعلان کرے اگر فوری طور پر ان کے لئے پیکج کا اعلان نہ کیا گیا تو 4 نومبر کو وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے ریڈ زون کو اور 5 نومبر اسلام آباد میں ڈی چوک پر ملک بھر سے زمینداروں کے ہمراہ پیکج کی منظوری تک دھرنا دیا جائے گا جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور........ بقیہ نمبر 8 صفحہ 10 پر

متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ صحافی ارشد شریف کی شہادت پر ہم میڈیا کے ساتھ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو بلوچستان کے سیلاب متاثرہ زمینداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے اس سے قبل اسلام آباد میں اپنے دیے جانے والے 10 روزہ دھرنے میں 4 مطالبات حکومت کو پیش کئے تھے کہ زمینداروں کو بجلی کا ریٹ بغیر کسی ٹیکس، فیول چارجز کے 5 روپے 30 پیسے فی یونٹ مقرر کیا جائے اور زمینداروں کو اس بحرانی صورتحال سے نکالنے کے لئے فوری طور پر کسان پیکج کا اعلان کیا جائے۔ کیونکہ حالیہ بارشوں سے سیلاب کے باعث سندھ اور بلوچستان کی 70 فیصد زمینداری فصلیں اور باغات تباہ ہو چکے ہیں تین ماہ قبل وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے زمینداروں کو مفت سولر فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا جو کرپشن کی نذر ہو گئے ہیں زمینداروں کو بجلی کے واجبات کیلئے چھ ماہ کا وقت دیا گیا لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہو رہا اور بلوچستان میں کیسکو کی جانب سے زمینداروں کے ٹیوب ویلوں کی بجلی کاٹ دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف سمیت دیگر بیرونی اداروں اور ممالک سے ملنے والی امداد سے زمینداروں کو کچھ نہیں دیا گیا۔ حکومت زراعت کو مستحکم کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے۔ 5 نومبر کو ملک بھر کے کسان دوبارہ اسلام آباد میں اپنے مطالبات کے حق میں کسان پیکج کی منظوری کے لئے دھرنا دینگے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے وعدے پورے نہیں کئے اس لئے ہم اپنے سیلاب سے متاثرہ کسانوں کی داد رسی اور کسان پیکج کی منظوری سمیت زمینداروں کو سبسڈائزڈ ریٹ پر بیج اور کھاد کی فراہمی کے لئے 14 اکتوبر کو کوئٹہ میں وزیراعلیٰ ہاس کے سامنے ریڈ زون میں دھرنا دینگے۔ بلوچستان کے زمینداروں کے واجبات 2 ارب 10 کروڑ ہیں وہ حکومت براہ راست کیسکو کو دے بلوچستان حکومت کے مختلف محکموں کے ذمہ کیسکو کے 37 ارب روپے کے واجبات ہیں۔

# اوستہ محمد کے متاثرین کا امداد کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

سازش کے تحت حقدار متاثرین کو نظر انداز کیا جارہا ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

مشکل میں پھنسے ہوئے لوگوں کو امداد فراہم کرکے انکی مشکلات کم کی جائیں، فائق جمالی و دیگر کا خطاب

اوستہ محمد (آئی این پی) حالیہ سیلاب اور بارشوں میں ضلع اوستہ محمد کے مختلف یونین کونسل کو ضلع اوستا محمد و تحصیل انتظامیہ کی جانب سے متاثرین کو نظرانداز کرنے کے خلاف انتظامی آفیسر کے دفتر کے سامنے کونسلران نے دھرنا دیکر احتجاج کیا، کونسلران نے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی، اس موقع پر آل کونسلران اتحاد کے صدر میر فائق علی خان جمالی جنرل سیکرٹری میر امام بخش خان جمالی میر عبدالستار جمالی سردارزادہ محمد الیاس خان بندرانی حاجی علی شیر خان جمالی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی اور تحصیل انتظامیہ نے ہمارے تمام یونین کونسلروں کو نظرانداز کر رہے ہیں ہم چیف سیکرٹری بلوچستان کمشنر نصیر آباد سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر سیلاب متاثرین کو راشن اور ٹینٹ فراہم کرے اگر 26 اکتوبر تک سیلاب متاثرین کو راشن ٹینٹ و دیگر سامان اور سہولیات فراہم نہیں کیا گیا تو آل اتحاد یونین کونسلران 27 اکتوبر کو دوبارہ سخت دھرنا دیکر احتجاج کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری مذکورہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔


INTEKHAB QUETTA


## قانون نافذ کرنے والے ادارے نے 5 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا

خاران (نامہ نگار) خاران شہر میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کا شہر کے مختلف جگہوں پر چھاپہ پانچ نوجوانوں کو حراست میں لے لیا ذرائع کے مطابق حراست میں لینے والے نوجوانوں کی شناخت جابر یلانزئی ولد نذیر احمد، نجیب اللہ یلانزئی ولد محمد حسین اور شفقت یلانزئی ولد عبدالرحیم کے ناموں سے ہوئی ہے بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

## ساکران حب بوسیدہ لاش برآمد

حب / گڈانی (نمائندہ انتخاب) ساکران 6 نالہ کے قریب سے کئی روز پرانی نامعلوم شخص کی نعش برآمد اور گڈانی میں مچھلی کا شکاری حرکت قلب بند ہونے کے سبب جاں بحق، دونوں نعشیں حب اسپتال منتقل کر کے گئیں، ضروری کارروائی کے بعد ایک نعش ورثاء کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

## بدنام زمانہ ڈاکو رنگے ہاتھوں گرفتار چوری شدہ 70 موٹرسائیکل بھی برآمد

سوراب (آن لائن) لیویز فورس سوراب کا عمرآباد جیوا میں کامیاب کارروائی، بدنام زمانہ ڈاکو رنگے ہاتھوں گرفتار، ایک چوری شدہ 70 موٹرسائیکل بھی برآمد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سوراب جلال الدین خان کاکڑ کے خصوصی حکامات پر اسسٹنٹ کمشنر گدر اعمرآباد بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

جبکہ یلانزئی اور نجیب یلانزئی کو چھوڑ دیا گیا خاران میں ایک اور چھاپے کے دوران دو افراد کو بھی حراست میں لیا گیا جنکی شناخت یوسف یلانزئی اور پرویز یلانزئی ولد فیصل محمد یلانزئی کے ناموں سے ہوئی ہے جو تاحال فورسز کی زیر حراست میں ہیں

حوالے کیا جبکہ نامعلوم شخص کی نعش ایدھی سرد خانہ کراچی منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے ایدھی ذرائع کے مطابق ایک اطلاع پر گزشتہ روز ایدھی رضاکار ٹیم نے ساکران 6 نمبر نالہ کے قریب جھاڑیوں سے کئی روز پرانی 40 سالہ ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد کرکے جام غلام قادر گورنمنٹ اسپتال حب منتقل کر دیا گیا

محمد ولد باب زہری کے حکم پر سوئی کراس چوکی گدر کے انچارج نور احمد مینگل و لیویز فورس کے جوان نبیل احمد ساسولی کی سربراہی میں جیوا عمرآباد میں کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ ڈاکو سعید احمد ولد محمد صدیق قوم محمد زئی ساکن جیوا کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ملزم سے چوری شدہ ایک 70 موٹرسائیکل بھی برآمد کرلیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated 26 OCT 2022 Page No. 14

## کروڑوں روپے کے فنڈز غائب میٹروپولیٹن کے حکام کی کارکردگی سے عوام مایوس

### گنجان آبادی والا علاقہ پشتون آباد کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا ہے، قاری مہراللہ

### مسائل کے حل کا وعدہ سابق اور موجودہ ارکان صوبائی اسمبلی نے کیا تھا مگر وعدے وفا نہ ہوسکے، حاجی سلیم ناصر

کوئٹہ (سروے خبرنگار) صوبائی دارالحکومت کی گنجان آبادی والا علاقہ پشتون آباد کچرے کے ڈھیر میں بدل چکا ہے سڑکوں گلیوں میں پڑا کچرا اہل علاقہ کے لیے وبال جان بن چکا ہے ان مسائل کی نشاندہی علاقہ مکینوں قاری مہراللہ، حاجی سلیم ناصر، کبیر شاکر، ہاشم پٹھان، نذر ریڈ بچ نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کی، مکینوں کا کہنا تھا کہ پشتون آباد کا پورا علاقہ صفائی نہ ہونے کی وجہ سے کچرے کے ڈھیر میں بدل چکا ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ ڈیوٹی پر نہیں آتا، مکینوں نے کہا کہ جب سے بلدیاتی نظام حکومت کو ختم کیا گیا ہے علاقے سمیت شہر بھر میں صفائی کا نظام بری طرح متاثر ہوا ہے، آئین کے تحت بلدیاتی اداروں کی مدت ختم ہونے کے بعد 90 دن کے اندر انتخابات ہوجانا چاہئے مگر صوبائی حکومت جان بوجھ کر بلدیاتی اداروں کے انتخابات نہیں کرا رہی گنجان آبادی والے علاقے میں بڑھتی ہوئی بے ہنگم آبادی سے بنیادی سہولیات نایاب ہوتی جارہی ہیں ان کہنا تھا کہ پینے کے پانی کی نایابی، صفائی کا نظام غیر فعال، غلط پارکنگ اور تجاوزات سے روڈ کا بلاک رہنا، لاکھوں کی آبادی کے باوجود سرکاری ہسپتال کا نہ ہونا، ایسی مشکلات ہیں جن کو حل کرنا انتہائی ضروری ہے، بجلی کی غیر علانیہ لوڈ شیڈنگ، سمیت مسائل کے حل کا وعدہ سابق اور موجودہ ارکان صوبائی اسمبلی نے کیا تھا مگر افسوس نہ ماضی کے نمائندے نے ان مشکلات کو کم کرنے کی سنجیدہ کوشش کی اور نہ ہی موجودہ اپوزیشن لیڈر سمیت حکومتی پارٹی کے نمائندوں نے اپنے وعدوں کو وفا کرنے کی کوشش کی نہیں کی



جس کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام سے علاقے کے مسائل حل کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔

## ضلع کچھی میں امداد سیاسی بنیادوں پر تقسیم متاثرین مسیحا کے منتظر

### مون سون کی طوفانی بارشوں اور سیلاب میں سب سے زیادہ غریب طبقہ متاثر ہوا ہے

### حکومت اور این جی اوز ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں، منظور لاشاری و دیگر کا بیان

بھی (آن لائن) سیلاب متاثرین بے یارومددگار کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور متاثرین کے لیے آنے والی امداد سفارشیوں میں تقسیم کی جارہی ہے منظور لاشاری تفصیلات کے مطابق منظور احمد لاشاری، محمد وارث ہنگورئی نورجہان ہنگورئی بہاول خان غلام حیدر خدا ئیداد محمد حیات ہنگورئی قدرت اللہ ہنگورئی اور گل محمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کے علاقے سب تحصیل بالا ناڑی، روسہ لاشاری میں سیلاب نے تباہی مچادی۔ متاثرین بے یارومددگار کھلے آسمان تلے زندگیاں گزارنے پر مجبور ہیں۔ متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں انہوں نے کہا کہ سیلاب سے ہمارے گھر مکمل منہدم ہوچکے ہیں۔ انتظامیہ کے گوش گزار کرانے کے باوجود امدادی سرگرمیاں عمل میں نہیں لائی جارہی ہیں۔ امدادی سرگرمیاں علاقے کے معتبرین اور سفارشیوں تک محدود ہیں انہوں نے کہا ہے کہ سیلاب سے پوری آبادی شدید متاثر ہوچکی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ معتدد این جی اوز کی جانب سے متاثرین کی بحالی کے لئے امدادی سرگرمیاں عمل میں لائی گئی لیکن افسوس کہ حقیقی متاثرین کو مکمل نظر انداز کیا گیا۔ متاثرین کی بحالی کے لئے لایا گیا سارا امدادی سامان من پسند افراد اور سفارشیوں میں تقسیم کیا جارہا ہے۔ جن سفارشی اور من پسند افراد میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا وہ متاثرین میں شامل بھی نہیں ہیں اور نہ ہی سیلاب سے ان کا کوئی نقصان ہوا ہے۔ حقیقی متاثرین جن افراد کے نقصانات ہوئے ہیں جن کے گھر بار سیلاب کی وجہ سے مکمل منہدم ہوچکے ہیں ان متاثرین کو نہ ہی حکومت اور نہ ہی کسی این جی اوز کی جانب سے ریلیف فراہم کیا گیا جو کہ سیلاب متاثرین کے ساتھ سراسر ظلم و زیادتی ہے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ این جی اوز اور دیگر سماجی تنظیموں سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے حال پر رحم کرتے ہوئے ہمارے علاقے پر توجہ دی جائے ہم کھلے آسمان تلے بے یارومددگار زندگیاں گزار رہے ہیں جن میں ہمارے چھوٹے چھوٹے بچوں سمیت خواتین اور ضعیف عمر افراد بھی شامل ہیں

## مسلم باغ، پل بیٹھ جانے سے گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ ژوب شاہراہ مسلم باغ کے قریب پل بیٹھ جانے سے ٹریفک جام دونوں طرف سے گاڑیوں کی لائنیں لگ گئیں مسافروں کو مشکلات درپیش رہے واضح رہے کہ حالیہ بارشوں نے تمام محکموں کے پول کھول دیئے جس میں.......... بقیہ نمبر 53 صفحہ 10 پر

بقیہ نمبر 53 صفحہ 10 پر

این ایچ اے سرفہرست ہے قومی شاہراہوں پر اربوں روپے سے بننے والی سڑکیں اب سفر کے لائق نہیں رہی چند کلومیٹر بعد سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار رہے جبکہ قومی شاہراہ کوئٹہ ژوب مسلم باغ کے قریب پل گزشتہ روز گاڑیوں کے آنے جانے سے بیٹھ گیا

Century Express Quetta

## شہر کیلئے آنیوالے 20 واٹر فلٹریشن پلانٹ غائب

### سمری منظور بھی ہوئی مگر فلٹریشن پلانٹ لگے نہ ہی نظر آئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پی ایچ ای کے نئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کہاں گئے لاکھوں روپے کا ٹیکہ سرکاری خزانہ کو لگا دیا گیا کوئٹہ شہر میں بیس نئے فلٹریشن پلانٹ غائب مگر 47 لاکھ کی لاگت سے منگوائے جانے والے نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس ہی غائب کر دیئے گئے ڈائریکٹر محمد فضل کے مطابق معلوم نہیں کہ نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کہاں گئے تین ماہ قبل ایک سمری لکھی گئی تھی منظور بھی ہوچکی تھی مگر 47 لاکھ روپے کی لاگت سے منگوائے جانے والے نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کہاں لگے اور کہاں گئے اس بارے میں کسی کو کچھ بھی معلوم نہیں۔

# بلوچستان، معاشی سرگرمیوں کے مزید فروغ کی ضرورت

ایک خبر کے مطابق ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے صوبے میں معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن اقدامات کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے حکومت چاہتی ہے کہ صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو۔ صوبے میں کاروباری سرگرمیوں فروغ حاصل ہورہا ہے حکومت تاجر برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی ۔ وہ گزشتہ روز یہاں کوئٹہ میں چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ انڈسٹریز اور رومانیا البانیا کے چیمبر آف کامرس کے مابین بزنس سپورٹ اینڈ پرموٹ ایم او یو سائن کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں بلوچستان کے تاجروں وصنعتکاروں کی بڑی تعداد شریک تھی ۔ ترجمان حکومت بلوچستان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت بزنس کمیونٹی کو کاروبار کے مواقع فراہم کرنے لئے پر عزم ہے، انٹرنیشنل بزنس کمیونٹی کو بلوچستان لانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ پر امن بلوچستان میں کاروبار کو فروغ دیا جائے ،بلوچستان کی بزنس کمیونٹی پوری دنیا میں کاروبار سے منسلک ہے اب انہیں حکومتی سطح پر بھی سپورٹ کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پر امن بلوچستان اور خوشحال پاکستان ہمارا مستقبل ہے بزنس کمیونٹی کسی بھی معاشرے میں معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، بلوچستان کی معاشی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے، وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کاروباری طبقے کو سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کے وژن کے تحت انٹرنیشنل بزنس کمیونٹی کو بلوچستان کا دورہ کروایا جارہا ہے اور یہ سلسلہ مرحلہ وار جاری رہے گا تا کہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو انٹر نیشنل بزنس کمیونٹی سے جوڑا جائے اس ضمن میں صوبائی حکومت ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی پہلی مرتبہ صوبائی حکومت کاروبار کے فروغ کے لئے پرائیوٹ سیکٹر کو ساتھ شامل کر رہی ہے ہمارے اور رومانیہ کے چیمبر کے مابین معاہدے کا مقصد بھی یہی ہے کہ وہ یہاں آئیں کاروبار کریں صنعتیں قائم کریں حکومت انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی ۔سب سے پہلے تو ہم ترجمان صوبائی حکومت کے ظاہر کیئے گئے عزم کو سراہتے ہیں اور ساتھ ہی یہ اعتراف بھی ضروری ہے کہ فی الواقعی یہ موجودہ مخلوط صوبائی حکومت بلوچستان کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول اور ساتھ ساتھ ہی صوبے میں صنعت

آنے ،سرمایہ کاری کرنے اور بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے دستیاب مواقع سے خاطر خواہ استفادہ حاصل کرنے کی جانب راغب کرتے آئے ہیں صوبائی حکومت نے صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے اقدامات کا جو سلسلہ جاری رکھا ہے ہم اسے سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ حکومت اس حوالے سے جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھے گی بزنس کمیونٹی ملک وقوم کی معاشی اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے انہیں درپیش مسائل حل کرکے صوبے میں صنعت وحرفت کو فروغ حاصل ہوگا امید ہے کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے مستقبل میں بھی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی بلوچستان میں توانائی ،معدنیات ،زراعت ،ماہی گیری ،لائیوسٹاک ،سیر وسیاحت غرض ہر شعبے میں بہت زیادہ پوٹینشل اور مواقع دستیاب ہیں ماضی میں اگر یہاں آنے والی حکومتیں سرمایہ کاری کے فروغ ،صنعت وحرفت کی ترقی اور معیشت ومعاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کرتیں تو عین ممکن ہے کہ آج ہمارے صوبے کا منظر ہی کچھ اور ہوتا لیکن افسوس کہ ماضی میں اس حوالے سے ،بہت زیادہ کام نہیں ہوا اب پچھلے چند برسوں سے صوبے میں اس حوالے سے کام ہورہا ہے بالخصوص سی پیک میں شامل منصوبوں کے اجراء سے صوبے میں ترقی کے ایک نئے دور کی شروعات ہوئی ہیں جوں جوں سی پیک میں شامل منصوبے مکمل ہوں گے بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔پاک چین اقتصادی راہداری کا عظیم الشان منصوبہ مختلف النوع منصوبوں کا مجموعہ ہے یہ اس قدر ہمہ گیر وہمہ جہت ہے کہ ماہرین اس منصوبے کو نہ صرف پاکستان اور چین کے لئے انتہائی اہم سمجھتے ہیں بلکہ اسے پورے خطے کے لئے گیم چینجر منصوبے کے طور پر بھی دیکھا جارہا ہے صرف توانائی کے شعبے میں سی پیک کے تحت ابتک غیر معمولی کام ہوئے ہیں جس کا اندازہ وزارت توانائی کے ان اعداد و شمار سے لگایا جاسکتا ہے جس کے مطابق سی پیک کے تحت اب تک صرف توانائی۔کہ شعبے میں گیارہ منصوبے مکمل ہوچکے ہیں اور دس منصوبوں پر کام مختلف مراحل میں ہے۔سی پیک کے تحت چھ ہزار تین سو انہتر میگاواٹ کی مجموعی صلاحیت کے گیارہ پاور پراجیکٹس فعال ہو چکے ہیں صرف توانائی کے شعبے ہی میں نہیں ہر شعبے میں خاطر خواہ کام ہورہا ہے ان جاری منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ایک نئی معاشی ومعاشرتی کروٹ لے گا صوبے کی معیشت مستحکم اور عام آدمی خوشحال ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ ایک تو سی پیک کے تحت جاری منصوبوں پر کام سست روئی نہ ہونے دیا جائے جاری منصوبوں کی جلد تکمیل کو یقینی بنایا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 26 OCT 2022 Page No. 16

# Need of tangible steps

Despite having the lowest population, vast territory with mineral resources and coast, Balochistan is the most impoverished province of Pakistan. Regrettably, most of its districts lack basic amenities such as clean drinking water, basic health facilities, education, electricity and gas facilities. No such important projects have been launched in the province during the past five years that can be a symbol for the government to take its credit while those schemes which had been started are in a state of dormant status. The successive governments confined themselves to the statements and announcements with regard to development of Balochistan, removing poverty and bringing Balochistan at par with other developed areas of the country. The situation of Balochistan has not changed and till date the province is lagging behind in all walks of life from other provinces. Despite being the hub of China Pakistan Economic Corridor (CPEC), the port city of Balochistan Gwadar is deprived of all basic necessities. Balochistan did not get any development package in the first development phase of CPEC. However, people of Balochistan are still hopeful a change will come in the policies and practical development works will be carried out rather than rhetoric. The center government ought to come up with development packages for Balochistan and basic facilities like electricity, gas, water, Internet etc must be ensured to the masses at their doorsteps. Successive prime ministers in their speeches have confessed that Balochistan lagged behind in terms of development than other provinces but regrettably they themselves did not focus on developing Balochistan. The political leaders from Balochistan also did not play their due role and consumed more time and energy to achieve personal interests instead of making policies for the best interest of people of this poor province. The government ought to pay special focus over the development of Balochistan and must get all development projects and commitments at their stipulated period. Proper focus should be paid over improving the road infrastructure, health and education. The students of Balochistan should be given maximum opportunities of getting higher education in the renowned educational institutions of the country instead of decreasing the seats for the students of the province. Similarly, the National Highway Authority ought to expedite its efforts for early completion of road projects and improving the present condition of highways which are in dilapidated condition. The federal and provincial governments need to work collectively to eradicate poverty in Balochistan and strengthen the economy of the province's people.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 18

# Rescue efforts fail to recover four buried under mudslide

By Behram Baloch

GWADAR: The bodies of four people who were crushed after a mudslide struck a picnic spot in Jiwani were yet to be recovered even after the passage of 36 hours.

At least five people, including a child, were burried after a landslide struck the picnic spot while they were fishing near the coast on Sunday.

Rescue teams managed to recover the body of a six-year-old and the operation to recover the remaining victims continued throughout Monday.

Officials said the effort has been stopped as darkness sat in and it will restart on Tuesday.

Rescue teams of the army and navy also took part in the operation along with officials of the Gwadar district administration. However, their efforts were impeded due to high tides.

"Rescue teams continued their efforts throughout the day but boulders were huge and heavy machinery and cranes were needed to remove them," Gwadar Deputy Commissioner Ezzat Nazeer said.

Hundreds of people, including family members of the victims, were present at the site.

# Special anti-polio drive launched in Balochistan

By Saleem Shahid

QUETTA: A five-day special anti-polio campaign was launched in Balochistan on Monday amid tight security.

During the campaign, 1.785 million children below the age of five years will be vaccinated in 19 out of 34 districts, including five high-risk districts bordering Afghanistan.

Hundreds of security personnel from Frontier Corps, police and Levies Force have been deputed to protect 6,820 polio teams.

"We are providing foolproof security to polio teams who are involved in the anti-polio campaign in the province," Syed Zahid Shah, Coordinator of Balochistan Emergency Operation Centre, said.

He said polio workers had played a significant role in bringing Balochistan close to a polio-free province and they had rendered great sacrifices for it.

Mr Shah said that though no polio case had been reported from any area of Balochistan over the last 18 months, the campaign aimed to ensure that every child in the province was administered anti-polio drops.

"We are continuing our journey towards a polio-free province," Mr Shah said.

The presence of poliovirus in Afghanistan was a huge challenge for those areas of Balochistan which had borders with county, Mr Shah added.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 OCT 2022 Page No. ______



وفاقی وزیر سیفران سینیٹر طلحہ محمود چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کو ایمبولینس کی چابی دے رہے ہیں



کوئٹہ: وفاقی وزیر سیفران سینیٹر طلحہ محمود چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سے ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

INTEKHAB QUETTA



وفاقی وزیر سیفران سینیٹر طلحہ محمود چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کو این ایچ سی آر ایمبولینسز کی چابیاں دے رہے ہیں



☆☆ وفاقی وزیر سیفران سینیٹر طلحہ محمود چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ملاقات کر رہے ہیں ☆☆